Press Release on Prime Minister’s meeting with Prime Minister of Denmark

May 03, 2022

وزیر اعظم کی ڈنمارک کے وزیر اعظم سے ملاقات کے بارے میں پریس ریلیز

نئی دہلی-03مئی   وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج ڈنمارک کے وزیر اعظم محترمہ میٹ فریڈرکسن کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔

اس کے بعد دونوں رہنماؤں نے بالمشافہ ملاقات کی جس کے بعد وفود کی سطح پر بات چیت ہوئی۔

دونوں وزرائے اعظم نے ہندوستان-ڈنمارک گرین اسٹریٹجک پارٹنرشپ کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ بات چیت میں قابل تجدید توانائی، خاص طور پر ساحل سمندر پر ہوائی چکی سے تیار کی جانے والی بجلی اور گرین ہائیڈروجن کے ساتھ ساتھ مہارت کی ترقی، صحت، جہاز رانی، پانی اور آرکٹک سمیت دیگر شعبوں میں تعاون کا احاطہ کیا گیا۔

وزیر اعظم نے ہندوستان کے اہم پروگراموں میں ڈنمارک کی کمپنیوں کے مثبت تعاون کی ستائش کی۔ وزیر اعظم فریڈرکسن نے ڈنمارک میں ہندوستانی کمپنیوں کے مثبت کردار کو اجاگر کیا۔

دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے مابین عوامی رابطے کو وسعت دینے کی تعریف کی، اور نقل مکانی اور نقل و حرکت کی شراکت داری سے متعلق مشترکہ اعلامیہ کا خیرمقدم کیا۔

دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

وفود کی سطح کی بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان منظور کیا گیا جسے یہاں دیکھا جا سکتا ہے۔

طے پانے والے معاہدوں کی فہرست یہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

کوپن ہیگن

مئی 03 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.